K

1

2

3

4

5

6

7

8

عظیم توقعات

آپ کے بچے کے مستقبل میں شراکت داری کے لئے

Department of Education

Joel I. Klein, Chancellor

عظیم اسکولوں کا آغاز عظیم توقعات سے ہوتا ہے

علمیت کے معیارات ان بنیادوں کی وضاحت کرتے ہیں کہ طلبا کو ہر گریڈ میں کیا جاننے اور کرنے کے قابل ہونا چاہئیے- یہ معیارات یقینی بناتے ہیں کہ تمام بچے اگلے گریڈ میں آگے بڑھنے اور بعد میں کالج میں کامیابی حاصل کرنے، کمائی کرنے اور اپنی برادریوں کے کارآمد اراکین بننے کے لئے تیار ہیں- بچوں میں تعلیم کا شوق پیدا کرنے کی ضرورت ہے جو انھیں ایک ایسی دنیا سے بہتر طور پر وابستہ کرے گی جہاں اہم معلومات تیزی سے تبدیل ہوتی اور ابھرتی ہیں-

اس مسابقتی عالمی معیشت میں کام کی تلاش اور تیزی سے تبدیل ہوتی دنیا میں فرائض کی انجام دہی کے لئے ہمارے بچوں کو پہلے سے کہیں زیادہ جاننے کی ضرورت ہو گی- یہ حقیقت ان اسناد یافتگان کے لئے ہے جو چار سالہ کالجز میں داخلہ لینے کا منصوبہ بناتے ہیں؛ اور ان طلبا کے لئے بھی یہ ایک حقیقت ہے جو ہائی اسکول کے بعد ہی پیشہ ورانہ زندگی کا آغاز کرنا چاہتے ہیں-

نیویارک ریاست کے جو معیارات ہم استعمال کرتے ہیں ہمارے طلبا کو ایسا محنت طلب نصاب فراہم کرنے کے لئے وضع کئے گئے ہیں جو اس امر کو یقینی بنائے کہ ان میں تخلیقی، تنقیدی فکری مہارتیں اور مسائل سلجھانے کی قابلیت پیدا ہو جس کی انھیں جدید دنیا کی مشکلات کو حل کرنے کے لئے ضرورت ہوگی- مگر معیارات محض نقطۂ آغاز ہیں، منزل نہیں- ہمارے طلبا علم کی مضبوط بنیاد کی تکمیل اور تعمیر کے ذریعے اپنی تعلیم سے بہترین مفاد حاصل کریں گے-

یہاں آپ کو کچھ مثالیں ملیں گی کہ تعلیمی سال کے اختتام تک دوسرے گریڈ کے طلبا کو فنونِ زبان، ریاضی، معاشرتی علوم اور سائنس میں کیا جاننے اور کرنے کے قابل ہونا چاہئیے- آپ کو ایسے بھی طریقے ملیں گے جن کے ذریعے آپ بحیثیت خاندان کے تدریس کی اعانت کرسکتے ہیں، بشمول ایسی چیزیں جو آپ گھر پر، اپنے گردونواح اور ہمارے عظیم شہر کے اطراف میں کر سکتے ہیں-

یہ گائیڈ دوسرے گریڈ کے لئے معیارات کے صرف چند نمونے فراہم کرتی ہے- دیگر معیارات کا کیا ہو گا؟ آپ کے بچے کو دوسرا گریڈ شروع کرنے سے پہلے کیا سیکھ لینا چاہیے تھا؟ وہ تیسرے اور اس سے اگلے گریڈز میں کیا سیکھے گا؟ آپ ان تمام سوالات کے جوابات اپنے بچے کے استاد سے پوچھ سکتے ہیں یا ہماری ویب سائٹ www.nyc.gov/schools/languages/urdu/academics پر تلاش کر سکتے ہیں-

مطالعے کی عمدہ عادات

اپنے بچے میں مطالعے کی اچھی عادات کے فروغ میں معاونت کے لئے:

- ❑ ہوم ورک کرنے کے لئے گھر میں ایک آرام دہ جگہ مقرر کریں-
- ❑ اپنے بچے کو منظم ہونے میں مدد دیں-
- ❑ ہوم ورک کا ایک باقاعدہ وقت مقرر کریں-
- ❑ اس امر کو یقینی بنائیں کہ آپ کا بچہ اپنے استاد کی ہوم ورک پالیسیز جانتا ہے-

دیگر خیالات کے لئے ملاحظہ کیجئیے
www.nyc.gov/schools/languages/urdu/academics

معذوری کے حامل طلبا:

تاوقتیکہ طلبا کے انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) میں کسی اور طرح بیان کیا گیا ہو، معذوری کے حامل طلبا عمومی تعلیمی نصاب میں شریک ہوں گے جس میں مختلف تدریسی سطوح اور مختلف ماحول کے مطابق ردوبدل کیا جا سکتا ہے (جیسے کہ باہمی ٹیم تدریس یا خصوصی تعلیم کی خود مختار کلاسیں)- موافقت میں تدریسی امداد جیسے کہ کیلکولیٹرز اور بصری آلات کا استعمال، نئی مہارتیں سیکھنے کے لئے اضافی وقت کی فراہمی، اور معذوری کے حامل طلبا کے معیارات کی تکمیل میں مدد کے لئے اسائنمنٹس کی طوالت میں کمی وغیرہ شامل ہو سکتے ہیں-

اپنے بچے کے اساتذہ سے پوچھیئے

علمی معیارات آپ کو اساتذہ سے اس بارے میں بات کرنے کا بہترین موقع فراہم کرتے ہیں کہ آپ کا بچہ اسکول میں کیا سیکھ رہا ہے اور آپ گھر پر اس تعلیم میں کس طرح معاونت کر سکتے ہیں۔ ذیل میں چند سوالات ہیں جو آپ پوچھ سکتے ہیں۔

کسی معیار کے بارے میں مزید جاننا:

- ❑ کیا آپ مجھے طالب علم کے کام کے ایسے نمونے دکھا سکتے ہیں جو اس معیار پر پورا اترتے ہوں؟
- ❑ کیا میں اس معیار سے متعلق اپنے بچے کے کام کے کچھ نمونے دیکھ سکتا ہوں؟
- ❑ تعلیمی سال کے دوران میرا بچہ اس معیار پر کب کام کرے گا؟
- ❑ اس معیار کی تکمیل یا اضافہ کے لئے آپ کون سی سرگرمیاں اور سامان استعمال کرتے ہیں؟ آپ کیا کلاس ورک اور ہوم ورک دینے کی توقع کرتے ہیں؟
- ❑ وہ کون سی مشقیں ہیں جو میں اس معیار کی معاونت کے لئے اپنے بچے کے ساتھ کر سکتا ہوں؟
- ❑ اس رہنمائی کتابچہ میں دئیے گئے معیارات کے علاوہ اس سال میرے بچے کے لئے مزید کیا سیکھنا متوقع ہے؟

یہ جاننا کہ آپ کا بچہ اسکول میں کیسا کر رہا ہے:

- ❑ میرا بچہ کون مضامین میں گریڈ کی سطح پر کام کر رہا ہے؟ کیا کوئی ایسے مضامین ہیں جس میں میرے بچے کو بہتری کی ضرورت ہے؟
- ❑ کیا میرا بچہ گریڈ سطح پر مطالعہ کررہا ہے؟ کیا آپ مجھے چند کتابیں دکھا سکتے ہیں جو میرا بچہ پڑھ سکتا ہے؟
- ❑ میرا بچہ ہر روز ہر ایک مضمون پر کام کرنے میں کتنا وقت صرف کرتا ہے؟
- ❑ آپ دورانِ سال میرے بچے کی ان مضامین میں کس طرح تشخیص کرتے ہیں؟

یہ جاننا کہ اپنے بچے کی معاونت کس طرح کریں:

- ❑ رپورٹ کارڈز کے علاوہ وہ کون سے بہترین طریقے ہیں جن سے اس بارے میں کہ میرا بچہ کیسا کام کر رہا ہے تابہ امروز رہا جا سکتا ہے؟
- ❑ اگر آپ کا بچہ گریڈ کی سطح کے مطابق نہیں ہے: اسکول میرے بچے کو کیا امداد پیش کرنے کے قابل ہے؟ میں اپنے بچے کے ساتھ گھر پر کیا کر سکتا ہوں جس سے میرے بچے کو اسکول میں بہتر کام کرنے میں مدد ملے؟
- ❑ اگر آپ کا بچہ گریڈ کی سطح کے مطابق یا اس سے بالا تر ہے: آپ میرے بچے کی اضافی تعلیمی تقویت اور معاونت کے لئے کیا تجویز کرتے ہیں؟ میں گھر پر کس طرح مدد کر سکتا ہوں؟

2

فنونِ زبان

تعلیمی سال کے اختتام تک تمام طلبا کو اس قابل ہو جانا چاہئیے کہ:

- مواد، حقائق، اور تصورات کو مجتمع کرنے اور اس کی تشریح کرنے کیلئے نامانوس معلوماتی عبارتوں کو پڑھ سکیں (جیسے ہدایات)۔
- کہانیوں میں کرداروں اور واقعات کے درمیان مماثلتوں اور تفریق کا موازنہ اور ان میں تمیز کرسکیں۔
- مدد کے ساتھ ایک عنوان سے متعلق معلومات کا موازنہ ایک سے زیادہ عبارتوں سے کرسکیں۔
- ایسے تجزیاتی مضامین اور جوابی مضامین لکھ سکیں جس میں موضوع، مصنف، اور مصور کے نام کی شناخت کی گئی ہو۔ مثال کے طور پر ا بیان، اور ادب پر ذاتی ردعمل کا اظہار ہو۔ مثلاً کہانی کے عناصر بیان کریں یا ادب کے جانت ذاتی جواب کا اظہار کریں۔
- تحریری عمل کا استعمال کرتے ہوئے پرتخلیلی کہانیاں اور ذاتی احوال لکھنا (مثال کے طور پر، ترتیب سازی، مسودہ نگاری، نظرثانی، اور ادارت) جیسے خلا میں زندگی کی تصور کرنا یو اس دن کے بارے میں بتانا جب انہیں کوئی نیا پالتو جانور ملا۔
- تقریر کے مقصد، موضوع اور سامعین کے لحاظ سے موزوں انداز، آواز، لہجہ، اور چہرے اور جسمانی انداز کے ساتھ بولنا۔
- گریڈ سطح کے ایک سے زیادہ آواز والے نامانوس الفاظ کی رمز کشائی کیلئے حروف کی آوازوں سے متعلق معلومات کا استعمال کرتے ہوئے آوازوں کو ملانا۔
- نئے الفاظ کا مطالعہ کرنے کے لیے واقف الفاظ اور لفظی اہلِ خانہ کے علم کے استعمال سے رمز کشائی کریں۔
- الفاظ کے درست ہجّے کیلئے، ہجّے کے وسائل کا استعمال، جیسے لغت، الفاظ کی دیوار (Word Walls)، اور / یا کمپیوٹر سافٹ ویئر کا استعمال۔
- جملوں کو منطقی ترتیب میں لکھنا اور موضوعات کو منظم کرنے کیلئے پیراگراف کا استعمال کرنا۔
- حتمی تحریری مواد کیلئے بڑے حروف، اوقاف، اور ہجّے کے اصولوں کا استعمال کرنا۔

گھر پر تعلیم

اہلِ خانہ کی آبائی زبانوں اور انگریزی میں درج ذیل تدابیر عمل میں لائی جاسکتی ہیں۔

اپنے بچے کو اس بات کی ترغیب دیں کہ وہ چھوٹے بھائی بہنوں، رشتے کے بھائی بہنوں یا آپ کے واقف دیگر بچوں **کو پڑھ کرسنائیں۔**

اپنے بچے کو کوئی دلچسپ تصویر تلاش کرنے اور اس کے بارے میں ایک کہانی لکھنے کیلئے کہیں۔ اپنے بچے کو بتائیں کہ تفصیلات جیسے دن کا وقت یا مقام انہیں کرداروں کی تخلیق، کہانی کی ترتیب اور منصوبہ بندی میں کس طرح مدد کرسکتی ہیں۔

نیویارک پبلک لائبریری کے بچوں کی "On-Lion" ویب سائٹ پر "گیمز" پر کلک کریں، kids.nypl.org/arts/activities.cfm پر کتابوں اور فنون سے متعلق تفریحی سرگرمیوں کا بہت وسیع ذخیرہ ہے۔

ہفتے میں ایک بار، خاندان کے ساتھ کتاب کے خلاصے کیلئے وقت رکھیں۔ اپنے بچے کو پسندیدہ کتابوں کے بارے میں بات کرنے کیلئے تخلیقی طریقے تلاش کرنے میں مدد کریں۔ مثال کے طور پر کسی ایک کردار کے بارے میں نظم یا گیت لکھنا اور اس کی ادائیگی کرنا۔

ریاضی

تعلیمی سال کے اختتام تک تمام طلبا کو اس قابل ہو جانا چاہئیے کہ:

- قاعدہ دس کے نظام کو سمجھنا:
  - 10 اکائی = 1 دہائی
  - 10 دہائی = 1 سیکڑا
  - 10 سیکڑا = 1 ہزار
- اعاد جمع اور ضرب کے درمیان ربط تلاش کرنا- مثال کے طور پر، 10 = 2+2+2+2+2 اور 10 = 5x2
- یہ سمجھ لیں کہ تقسیم کا مقصد کسی چیز کو مساوی گروہوں میں بانٹنا ہے (برابر بٹوارہ کرنا)- مثال کے طور پر چار بچے 12 کوکیز میں یکساں طور پر اشتراک کرتے ہیں- ہر بچے کو کتنی کوکیز ملیں گی؟
- چیزوں کی 100 تک کی تعداد والے گروہ میں چیزوں کی تعداد کا تخمینہ لگائیں- یہ معلوم کرنے کیلئے چیزوں کو گِنیں کہ واقعتاً گروہ میں کتنی چیزیں ہیں-
- چیزوں کو ان کی یکسانیت کے لحاظ سے جماعت میں رکھیں- مثال کے طور پر، تمام مثلث قائمہ کو ایک زمرے میں رکھنا-
- 100 تک کے مکمل اعداد کے موازنے کیلئے < (عدد سے کم) اور > (عدد سے بڑی) کی علامات کا استعمال کریں- اسے عددی خط کے ساتھ اور اسکے بغیر کریں-
- اعدادو شمار کو گراف، تصاویر کا استعمال کرکے (تصویری گراف) یا افقی خط (خطی گراف) کے ذریعہ دکھائیں-
- گراف کا استعمال نتائج یا پیشگوئی کیلئے کریں-
- بلاکز جیسے جوڑ توڑ کے مواد کا استعمال کریں، جیسے یہ دکھانے کیلئے کہ ریاضی کے مسئلے میں کیا ہورہا ہے- مثال کے طور پر، یہ دکھائیں کہ اگر آپ کے پاس سات بلاکز ہیں اور ان میں سے پانچ کو نکال لیا جاتا ہے تو، دو بچیں گے-
- یہ بتاتے ہوئے ریاضی کے مسئلے کو حل کرنے کے طریقے کی وضاحت کریں کہ کون سے اقدامات لیے گئے ہیں اور کیوں-

گھر پر تعلیم

بچے کو اپنے گھر میں موجود چیزوں کا استعمال کرتے ہوئے تخمینہ لگانے میں مدد کریں- شیلف پر کتنی کتابیں یا ڈبے ہیں؟ دراز میں موزوں کے کتنے جوڑے ہیں؟

اپنے بچے کی پسندیدہ موسیقی چلائیں اور ساتھ مل کر نمونوں — دہرائی جانے والی اور مختلف آوازوں، لائنوں، الفاظ اور ہِرتال **کو سنیں-** اس بات پر گفتگو کریں کہ کس طرح مختلف گانوں میں نمونوں میں فرق ہوتا ہے-

ہمارے ملک کی کرنسی سے متعلق گیمز تلاش کرے کیلئے جسے آپ کا بچ ڈاؤن لوڈ کرسکتا ہے یا آن لائن کھیل سکتا ہے، **ریاستہائے متحدہ شعبہ برائے قلم کاری اور چھپائی کی ویب سائٹ ملاحظ کریں:** www.moneyfactory.gov/newmoney/main.cfm/learning/fun

بورڈ گیمز کھیلیں-

سائنس

دوسرے گریڈ کی سطح پر سائنس قوت اور حرکت، ارضی مادے، اور نباتاتی تنوع کی تحقیق کرتی ہے-

تعلیمی سال کے اختتام تک تمام طلبا کو اس قابل ہو جانا چاہیے کہ:

- انہیں یہ معلوم ہو کہ قوت کشش ثقل چیزوں کو زمین کے مرکز کی طرف کھینچتی ہے اور وہ اس کا مظاہرہ کرسکیں-
- اس کا مشاہدہ اور بیان کریں کہ کس طرح ہوا، مائع اور ٹھوس چیزوں کے ذریعے کشش ثقل کی قوت چیزوں کو متاثر کرتی ہے-
- مختلف قسم کی مٹی کی خصوصیات پر تحقیق کریں- مثال کے طور پر، انکے مختلف رنگوں، بناوٹ، مادے، اور پانی کو روکنے کی صلاحیتوں کا مشاہدہ کریں-
- چٹانوں کی طبعی خصوصیات کا مشاہدہ اور اس کی وضاحت کریں (مثلاً، ان کی جسامت، شکل، رنگ، اور آیا چٹان میں رکاز (فوسل) ہیں-)
- یہ معلوم ہو کہ انجماد کاری، پگھلنے، اور موسم میں تبدیلی کے سبب ٹوٹ پھوٹ کی وجہ سے وقت کے ساتھ ساتھ زمینی سطح میں تبدیلی آتی ہے-
- ایسی چیزوں کی شناخت جس کے سبب نباتات میں یکسانیت ہوتی ہے اور جن کے سبب ان میں فرق ہوتا ہے-
- یہ سمجھیں کہ پودے اپنے والدین سے اور اسی جنس کے دیگر پودوں سے قریبی مشابہت رکھتے ہیں-
- اس کی سمجھ ہو کہ پودے بیجوں سے پیدا ہوتے ہیں-
- یہ سمجھیں کہ پودوں کو زندہ رہنے اور پھلنے پھولنے کے لیے روشنی، ہوا، پانی غذائی عناصر کی ضرورت ہوتی ہے-
- یہ معلوم ہو کہ پودے اپنے ماحول میں ہونے والی تبدیلی پر ردعمل کرتے ہیں، جیسے درجۂ حرارت یا بارش-

گھر پر تعلیم

اپنے بچے کو چٹانوں (پتھر) کا نمونہ جمع کرنے کی ترغیب دیں- اپنے آس پاس اور نیویارک شہر کے دیگر حصوں میں پائی جانے والی چٹانوں سے شروع کریں- ان مقامات کے چٹانی نمونے شامل کریں جہاں آپ کنبہ جاتی چھٹیوں میں جاتے ہیں، اور سفر کرنے والے اہل خانہ اور دوستوں سے ان مقامات کے چٹانی نمونے لانے کیلئے کہیں-

چٹانوں اور معدنیات کے مجموعے دیکھنے کیلئے اہلِ خانہ کے ساتھ اپر ایسٹ سائڈ میں واقع امیرکن میوزیم آف نیچرل ہسٹری کی سیر کریں- آپ کا بچہ چٹانوں کی شناخت اور موازنے کیلئے میوزیم کے آن لائن شعبہ جاتی رہنما کا بھی استعمال کرسکتا ہے- www.amnh.org/nationalcenter/online_field_journal پر جائیں- "فیلڈ جرنلز" پر کلک کریں اور "راکس" کا منتخب کریں- میوزیئم کی بچوں کی اولوجی (Ology) نامی ویب سائٹ www.amnh.org/ology پر چٹانوں اور رکاز پر معلومات ملاحظ کریں.

سنٹرل پارک یا اپنے قریبی علاقے میں موجود کسی دیگر پارک میں چہل قدمی کریں- زمین کی نظر آنے والی سطحوں، جیسے دریائی گذرگاہ یا پہاڑ کی ڈھلانیں جس پر پانی، ہوا، یا دیگر عناصر کے اثرات کے نشان ہوں کو ملاحظ کریں- اس بارے میں بات کریں کہ یہ مقامات کس طرح ایسے بنے ہیں-

معاشرتی علوم

دوسرے گریڈ کے معاشرتی علوم میں طلبا اپنے اور ریاستہائے متحدہ کی دیگر برادریوں کے نظریات کی تفتیش کرتے ہیں-

تعلیمی سال کے اختتام تک تمام طلبا کو اس قابل ہو جانا چاہئیے کہ:

- اپنی برادری اور مقامی علاقے سے متعلق کلیدی تصورات کو سمجھیں، جیسے نیویارک شہر کا نظم ونسق کیسے ہوتا ہے، اس میں پانچ برو ہیں، اور یہ کہ یہ ریاستہائے متحدہ اور دنیا کیلئے تجارت کا ایک اہم مرکز ہے-
- یہ سمجھیں کہ کس طرح مختلف برادریاں لوگوں کی ضروریات اور خواہشات کی تکمیل میں مدد کرتی ہیں- مثال کے طور پر، دیہی برادری غذائی اشیاء اگاتی ہے اور شہری برادری ایک ایسا مقام ہے جہاں لوگ سامان خریدتے اور بیچتے ہیں-
- یہ بیان کرسکیں کہ برادریاں کس برح جغرافیے سے متاثر ہوتی ہیں-
- یہ پر گفتگو کرسکیں کہ برادری اور اسکے ممبران کے تحفظ کے لیے شہری کس طرح ضوابط و قوانین تشکیل دیتے ہیں-
- لوگوں، روایات، عقائد، اور تصورات کے بارے میں فہم کو فروغ دیں جن کے ذریعے مختلف برادریوں کی تشکیل ہوتی ہے-
- اپنی برادری اور نیویارک شہر کے کلیدی مقامات کے بارے میں بتائیں-
- اس بات کو سمجھیں اور اس کی وضاحت کریں کہ وقت کے ساتھ ساتھ نیویارک شہر کیوں اور کس طرح تبدیل ہوا-
- علامات کا استعمال کرتے ہوئے ایسے نقشے بنائیں جس میں انکی اپنی اور نیویارک شہر کی دیگر برادریوں کی خصوصیات ہوں-
- اس بات کی تفتیش کریں کہ برادریاں کس طرح ان وصول کردہ خدمات جیسے اسکول، باغات، کوڑا جمع کرنے اور پولیس اور آتش سے تحفظ کی ادائیگی کیلئے محصولات کا استعمال کرتی ہیں-
- یہ سمجھیں کہ کس طرح شہریت سے متعلق علامات، جیسے جھنڈے یا شہری اور ریاستی مہریں، برادری میں اقدار اور روایات کی مواصلت کا کام انجام دیتی ہیں-

گھر پر تعلیم

ان چیزوں پر گفتگو کے لیے وقت نکالیں جو آپ کے کنبے اور برادری کیلئے اہم ہوں-

اپنے آس پاس کے علاقے میں گھومیں اور اپنے بچے کو ان مختلف چیزوں کی نشاندہی کیلئے کہیں جو آپ کا شہر مکینوں کی زندگی کو بہتر بنانے کیلئے کر رہا ہے- مثال کے طور پر، اسکول، گلیوں پر علامات، کوڑا اٹھانے کا کام، پولیس اور آتش سے تحفظ اور دیگر خدمات-

یہ معلوم کرنے کیلئے، **نیویارک شہر پولیس میوزیم** www.nycpolicemuseum.org **یا نیویارک شہر کا فائر میوزیم ملاحظہ کریں** www.nycfiremuseum.org کہ کس طرح یہ دونوں اہم پیشے نیویارک شہر کی برادری کی خدمت کرتے ہیں-

اپنے بچے کو ایک ذاتی آن لائن جھنڈا بنانے میں مدد کریں جو آپ کے کنبے کی وراثت اور اقدار کی نمائندگی کرتا ہو- نیویارک کے لوَر ایسٹ سائیڈ ٹینمنٹ میوزیم کا ایک پروجیکٹ، www.wearemulticolored.org پر ملاحظہ کریں-

مزید ضروری معلومات اور مہارتیں

ہمارے دوسرے گریڈ کے طلبا پڑھنے، لکھنے، ریاضی کا کام کرنے سے کہیں زیادہ سیکھ رہے ہیں، اور سائنس اور معاشرتی علوم کے بنیادی تصورات کو سمجھتے ہیں۔

- آرٹس: دوسرے گریڈ کے طلبا بصری فنون، موسیقی، رقص اور تھیٹر میں شرکت کرتے ہیں۔ وہ آرٹ کی ہر شکل کے مواد، زبان اور تصورات کا استعمال کرکے اصلی فنی نمونے تیار کرتے ہیں؛ میوزیم، تھیٹروں اور برادری کے دیگر وسائل میں نمائشوں اور فن کاریوں میں شرکت کرتے ہیں؛ اور آرٹس میں طرزِ معاش سے آگاہ ہوتے ہیں۔ مزید تفصیلات کے لیے ملاحظ کریں: www.nyc.gov/schools/languages/urdu/academics
- تندرستی اور صحت: طلبا جسمانی لحاظ سے پُرفعال رہنے کے متعدد مواقعوں میں مشغول رہتے ہیں، صحت مندانہ فیصلے لینا سیکھتے ہیں، ایک صحت مند طرز زندگی اپناتے ہیں اور تندرستی کی مختلف روایتی اور غیر روایتی سرگرمیوں کا تجربہ کرتے ہیں۔ مزید تفصیلات کے لیے ملاحظ کریں: www.nyc.gov/schools/languages/urdu/academics
- لائبریری اور تحقیق: سال کے آخر میں، دوسرے گریڈ کے طلبا کسی تحقیقی موضوع کے بارے میں «میرا قیاس ہے» جیسے سوالات کر سکتے ہیں؛ لائبریریوں میں تحقیقی موضوعات کیلئے طریق کار پر عمل کرسکتے ہیں؛ اپنے تحقیقی موضوع سے متعلق بنیادی تصور اور معاونتی تفصیلات کو لکھ سکتے ہیں ان کا تصویری خاکہ سکتے اور انہیں زبانی بیان کرسکتے ہیں؛ مختلف طریقوں سے معلومات پیش کرسکتے ہیں؛ اور یہ ظاہر کرسکتے ہیں کہ وہ اپنی پڑھی گئی یا لائبریرین کے ذریعہ سنائی گئی کہانیوں کو سمجھتے ہیں۔ مزید تفصیلات کے لیے ملاحظ کریں: www.nyc.gov/schools/languages/urdu/academics
- ٹکنالوجی: دوسرے گریڈ کے طلبا روزمرّہ کی زندگی میں ٹکنالوجی کے عام استعمال سے واقف ہوتے ہیں۔ اساتذہ اور طلبا ویب وسائل کے محفوظ اور قابل قبول استعمال پر بحث شروع کرتے ہیں۔ اب دوسرے گریڈ کے طلبا مخصوص مسائل کو حل کرنے کیلئے ٹکنالوجی کا موزوں وسیلے کا منتخب کرسکتے ہیں (جیسے تصویر بنانے کیلئے ڈرائنگ پروگرام یا کسی تصور کی مواصلت اور خاکہ نگاری کیلئے پریزنٹیشن سافٹ ویئر)۔ طلبا مختلف ذرائع کا استعمال کرتے ہوئے اپنے کاموں کو پیش کرتے ہیں (جیسے پریزنٹیشن سافٹ ویئر اور خبرناموں کی تمثیل) اور کلپ آرٹ، موسیقی اور معلوماتی وسائل کے وسیلے کے طور پر ویب صفحات کا استعمال۔ مزید تفصیلات کے لیے ملاحظ کریں: www.nyc.gov/schools/languages/urdu/academics

مزید جانئیے

یہ رہنمائی کتابچہ آپ کو ان متعدد معیارات کا سرسری جائزہ فراہم کرتا ہے جو آپ کا بچہ اس سال سیکھے گا۔ آپ ہماری تعلیم وتدریس کی ویب سائٹ www.nyc.gov/schools/languages/urdu/academics پر گریڈز K-8 تک کے رہنمائی کتابچے، اسکے علاوہ تمام مضامین اور تمام گریڈز کے مکمل معیارات کی نقول کو ملاحظ اور ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔

شعبہ برائے تعلیم و تدریس اور دفتر برائے خاندانی شمولیت اور حمایت (OFEA) آپکے بچے کی تعلیم کے بارے میں اور ان خیالات کے بارے میں دیگر معلومات پیش کرتا ہے کہ آپ کس طرح اپنے بچے کے اسکول کو اعانت فراہم کرسکتے ہیں، دونوں گھر پر اور اپنے بچے کے اسکول میں۔ مزید معلومات کے لیے تعلیم و تدریس کی ویب سائٹ www.nyc.gov/schools/languages/urdu/academics اور OFEA کی ویب سائٹ www.nyc.gov/schools/languages/urdu/OFEA ملاحظ کیجئیے۔ آپ اپنے اسکول کے والدین ربط دہندہ یا OFEA کے ساتھ 2323-374 (212) یا ofea@schools.nyc.gov پر رابطہ بھی کرسکتے ہیں۔ علاوہ آپ اپنے بچوں کے ساتھ شہر کے دیگر ثقافتی اور تاریخی اداروں کی سیر کے لئے 311 پر فون کر کے معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

DIAL 311

NYC Department of Education
Joel I. Klein, Chancellor

T&I-7924 2nd (Urdu)